Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 10 Short Questions Preparation

Q1. جدید معاشرے سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسا معاشرہ جو تیزی سے ترقی کر رہا ہو اور اس میں جدید دور کی تمام سہولتیں پائی جاتی ہوں اور صنعت و حرفت کی رفتار نہے تیز ہو،جدید معاشرہ کہلاتا ہے.

Q2. جدید معاشرے کے دوخواص لکھیں.

Ans 1: 1.اس معاشرے کی صنعتی ساخت ہوتی ہے اور سادہ اداروں کے ساتھ پیچیدہ نوعیت کے ادارے بھی پائےجاتے ہیں. 2.اس معاشرے میں پکی اور کشادہ سڑکوں کا جال بچھایا جاتا ہے اور جدید ٹرانسپورٹ ہوتی ہے.

Q3. حیوانوں کی معاشرتی زنفگی پر مختصر نوٹ لکھیں.

Ans 1: جانوروں میں معاشرتی نظام ارث کی بنا پر اپنی ضروریات پوری کرتا ہے.ایک ایسا نظام جانوروں میں قائم ہے جو ارث کی بنا پر خود بخور کام کرتا ہے اور ضروریات پوری ہوتی ہے،جانوروں میں ہر فرد کا تفاعل اس کے اندر موجود جوابی ردعمل کا وراثتی رجحان ہے.

Q4. پاکستان کی تین بڑی سیاسی جماعتوں کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.پاکستان پیپلز پارٹی.2پاکستان مسلم لیگ نون 3.پاکستان تحریک انصاف

Q5. معاشرہ کی تعریف کریں.

Ans 1: معاشرتی ضبط سے مراد افراد اور ان کے کردارکو خاص ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے کنٹرول کرنا ہے.

Q6. روائتی معاشرہ اور جدید معاشرہ میں فرق بیان کریں.

Ans 1: روائتی معاشرہ: روائتی معاشرے کو لوگوں کا رہن سہن سادہ ہوتا ہے. روائتی معاشرہ کی ساخت صنعتی ہوتی ہے.

Ans 2: جدید معاشرے کے لوگوں کا رہن سہن جدید اور پیچیدہ ہوتا ہے.جدید معاشرے کی صنعتی ساخت ہوتی ہے اور سادہ اداروں کےساتھ پیچدہ نوعیت کے معاشی ادارے بھی پائے جاتے ہیں.

Q7. روائتی معاشرے سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: روائتی معاشرے سے مراد وہ معاشرہ ہے جو قدیم روایت پر قائم ہو.قدیم رسم ورواج پر سختی سے کاربند ہو.

Q8. بے راہ روی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرتی نظم و ضبط اور معاشرتی ضابطوں سے بغاوت بے راہ روی کہلاتی ہے.

Q9. تصادم قدر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ہر معاشرے میں اقدار کا تصادم پایا جاتا ہے.ہر معاشرہ تغیر پذیر ہے جس کی وجہ سے ثقافتی اقدار میں تبدیلی آتی رہتی ہے.پرانی اقدار کی جگہ نئی اقدار لیتی ہیں،فرد کو بعض اوقات ایک ہی اقدارمیں تبدیلی آتی رہتی ہے وہ ان میں سے ایک کو اپناتا ہے.اس وجہ سے وہ ایک ذہنی کشمکش میں مبتلا رہتا ہے ،اسے ہم عمرانیات کی زبان میں اقدار کا تصادم کہتے ہیں.

Q10. غیر شخصی تعلقات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: غیر شخصی تعلقات سے مراد ہے گروہ کے ممر ہونا مگر ایک دوسرے کی پہچان نہ کرنا.